SERVIZIO SANITARIO REGIONALE
EMILIA-ROMAGNA
Azienda Unità Sanitaria Locale di Modena

فرانزک میڈیسن اور رِسک مینجمنٹ

ذاتی ڈیٹا کے استعمال کے بارے معلومات

یورپی اتحاد کے ضابطہ نمبر 679/2016 کا آرٹیکل 13- جی ڈی پی آر

اس دستاویز کے ساتھ مودینا لوکل ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ، پرائیویسی کے موجودہ قانون کے عین مطابق، فرانزک میڈیسن اور رِسک مینجمنٹ کی سروس کے لیے ذاتی ڈیٹا کے استعمال کے بارے میں اہم معلومات فراہم کرتا ہے۔

ذاتی ڈیٹا کے استعمال کے بارے مکمل معلومات اور مزید معلومات کے لیے مودینا لوکل ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی رسمی ویب سائٹ www.ausl.mo.it/privacy پر ملاحظہ کریں

قانونی جواز اور استعمال کا مقصد

ذاتی معلومات کی پراسیسنگ چیک اپ کرنے اور اس کی منصوبہ بندی کے لیے کی جاتی ہے اور ایسا صرف متعلقہ شخص کے کہنے پر یا کسی سرکاری ادارے کے کہنے پر کیا جاتا ہے۔ خصوصی طور پر ڈیٹا کو مندرجہ ذیل مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے:

- میڈیکل سرٹیفکیٹ جاری کرنے سے انفرادی اور اجتماعی صحت کا تحفظ (ڈرائیونگ لائسنس، ہتھیار کے لیے لائسنس، وغیرہ)؛
- معذوری کی تشخیص (معذوری، اندھاپن اور بہراپن، معذوری، مخصوص ملازمت کے لیے جگہ کا تعین کرنا)؛
- بیمار لوگ یا قانون کی مخصوص دفعات کی خلاف ورزی کرنے والے لوگوں کو مجاز اتھارٹی کے ذریعے گاڑیاں، موٹر سائیکل اور سمندری ذرائع آمد و رفت چلانے والوں کا نفسیاتی اور جسمانی مناسبت سے غیر معمولی جائزہ اور تشخیص کے ذریعہ انفرادی اور اجتماعی صحت کا تحفظ؛
- قانون 210/92 اور ترامیم کے مطابق، ویکسی نیشن، خون کے انتقال یا خون کی مصنوعات کے ذریعے مستقل نقصان کے معاوضے کے اعتراف کے لئے درخواست کی تحقیقات؛
- کام کے بارے یا مقررہ فرائض سرانجام دینے کی مناسبت کا اندازہ لگانے کے لئے میڈیکل بورڈ (فرائض میں تبدیلی یا صحت کی وجوہات کی بناء پر جلد ریٹائرمنٹ)۔

یہ ڈیٹا کس کے ساتھ شیئر کیا جاسکتا ہے

فرانزک میڈیسن اور رِسک مینجمنٹ کی سروس کے دائرہ کار کے مطابق مندرجہ ذیل اقسام کے اداروں سے ڈیٹا شیئر کیا جاسکتا ہے:

- <u>سرکاری ادارے:</u> ہیلتھ اتھارٹی (میئر)، جوڈیشل اتھارٹی، جوڈیشل پولیس، پریفیکچر، پولیس ہیڈ کوارٹر، سول موٹر گاڑی ڈیپارٹمنٹ، ریجن، دیگر ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ، پنشن جاری کرنے والا ادارہ انپیس، کام پر حادثہ ہونے کی صورت میں انشورنس والا ادارہ اینائیل، صوبہ، میونسیپل ادارے کمونے؛
- <u>متعلقہ شخص کے علاوہ دیگر ادارے:</u> ملازمت دینے والا آجر، جس سپورٹس کلب کے ساتھ تعلق ہو (سپورٹس کے لیے فٹنس کے بارے)
- <u>دیگر ادارے:</u> سرکاری یا نجی، جو قانون یا قوائد کے مطابق طے کیے گئے ہیں۔

ڈیٹا پراسیسنگ کا طریقہ کار اور محفوظ رکھنے کی مدت

ذاتی ڈیٹا کی پراسیسنگ ایک محفوظ طریقے سے الیکٹرانک یا کاغذی ذرائع سے کی جاتی ہے تاکہ اس تک صرف مجاز اہلکاروں کی رسائی کی ضمانت دی جاسکے۔

ڈیٹا کو اس کی پراسیسنگ کا مقصد پورا کرنے کے لیے مطلوبہ وقت تک محفوظ رکھا جاتا ہے۔

متعلقہ شخص کے حقوق

آپ کسی بھی وقت اپنے ذاتی ڈیٹا تک رسائی حاصل کرنے کے لیے، غلط ڈیٹا کی اصلاح کرانے اور نامکمل ڈیٹا کو مکمل کرانے کی درخواست کرسکتے ہیں۔ مزید یہ کہ قانون کے ذریعہ قائم کردہ شرائط اور وجوہات کی بناء پر، ڈیٹا کی پراسیسنگ کو محدود کرنے اور اس ڈیٹا کی پراسیسنگ کی مخالفت کرنے کا حق حاصل ہے۔ اس مقصد کے لیے dpo@ausl.mo.it کے ای میل ایڈریس پر لکھ کر محکمے کے ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر کو ایک مخصوص درخواست پیش کی جاسکتی ہے۔

مطلوبہ شرائط پوری ہونے کی صورت میں، طے شدہ طریقہ کار کے مطابق، ذاتی ڈیٹا کے تحفظ کے لئے گارنٹر اتھارٹی کو بھی شکایت جمع کروائی جاسکتی ہے۔

ڈیٹا پراسیسنگ کرنے کا مجاز مودینا لوکل ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ ہے، جس کا ہیڈ آفس یہاں واقع ہے:

Via San Giovanni del Cantone, 23, Modena